ہاری، مزدور اور طلبہ کی جدوجہد کو سلام پیش کرتے ہوئے انقلابی اتحاد کو مضبوط کرنے کا عزم کیا جائے

انقلابی سوشلسٹ لیگ کے زیر اہتمام 10 نومبر کو ہونے والے سیمینار کا خلاصہ

سیمینار میں مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے ساتھیوں نے شرکت کی۔ سیمینار کا آغاز کامریڈ عمران کاظمی کی جانب سے انقلابی سلام پیش کرنے سے ہوا۔ انہوں نے کہا کہ آج کا دن ہاری، مزدور اور طلبہ کی جدوجہد کو سلام پیش کرنے کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ دارانہ نظام کے بحران کے باعث دنیا بھر میں محنت کش طبقہ شدید مشکلات کا شکار ہے۔ کورونا وبا کے دوران بھی سرمایہ دار طبقہ اپنے منافعوں میں اضافہ کرتا رہا جبکہ محنت کش طبقہ بے روزگاری، مہنگائی اور بیماری کا شکار ہوا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بھی یہی صورتحال ہے۔ ہاری، مزدور اور طلبہ سب سے زیادہ استحصال کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہاری کمیونٹی کو جاگیردار، سرمایہ دار اور ریاست تین طرف سے استحصال کا سامنا ہے۔ ہاری کمیونٹی کو زمین، پانی اور بیج کے حصول کے لئے شدید جدوجہد کرنی پڑ رہی ہے۔ ہاری کمیونٹی کو درپیش مسائل میں زرعی اجناس کی کم قیمت، کھاد اور بیج کی مہنگائی، موسمی تبدیلی کے اثرات، زمین کے حصول کے لئے جاری مقدمات اور جاگیرداروں کی جانب سے تشدد کے واقعات شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہاری کمیونٹی کو درپیش مسائل کے حل کے لئے ہاری کمیونٹی کو منظم ہونا پڑے گا